***15-03-2024***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ محمد عمار

**Music**

☆ انتخابی کمیشن کل عام انتخابات 2024 کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

☆ سرکار نے، الیکٹرک گاڑیوں کی گھریلو مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں سے متعلق ایک پالیسی کو منظوری دی ہے۔

☆ مرکز نے گاڑیوں کے لیے متبادل ایندھن Ethanol 100 کا آغاز کیا۔

☆ انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلی شراب پالیسی گھپلے سے منسلک منی لانڈرنگ کے معاملے میں BRS کی رہنما کے۔کویتا کو گرفتار کیا ہے۔

☆ بھارت نے شہریت ترمیمی قانون پر امریکہ کے تبصرے کو مسترد کر دیا ہے۔ بھارت کا کہنا ہے کہ یہ ملک کا اندرونی معاملہ ہے۔×

-------------------------------

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

***ECI LOKSABHA***

انتخابی کمیشن لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کل کرے گا۔ یہ اعلان کل دوپہر نئی دلی کے وگیان بھون میں کیا جائے گا۔ کمیشن لوک سبھا انتخابات سمیت کچھ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا بھی اعلان کرے گا۔ موجودہ لوک سبھا کی مدت کار اس سال سولہ جون کو ختم ہورہی ہے۔سال 2019 میں لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان دس مارچ کو کیا گیا تھا اور انتخابات اپریل اورمئی میں سات مرحلوں میں ہوئے تھے۔

توقع ہے کہ اِس مرتبہ بھی چناؤ اپریل اور مئی میں سات مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات میں BJP نے ملک میں 543 پارلیمانی حلقوں میں سے 303 سیٹیں جیت کر بڑی کامیابی حاصل کی تھی۔

اب تک حکمراں پارٹی 267 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کرچکی ہے، جبکہ اصل اپوزیشن کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 82 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ بائیں بازو، TMC، عام آدمی پارٹی اور کچھ دیگر پارٹیوں نے بھی بہت سی لوک سبھا سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ x

## *PM VISIT TELANGANA*

سخت حفاظتی انتظامات کے دوران سینئر BJP لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے Malkajgiri کے BJP امیدوار E Rajender کے ہمراہ Malkajgiri حلقے میں وجے سنکلپ میگا روڈ شو کا انعقاد کیا۔ یہ روڈ شو تقریباً 5 کلومیٹر کے لیے Malkajgiri ، Chowrasta تک جاری رہا۔ اِس کا مقصد تلنگانہ میں پارٹی کو مضبوط بنانا ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی اِس وقت ریاست پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں اور وہ ریاست میں اگلے تین روز تک مزید دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ آس پاس کے علاقوں میں مودی مودی کے نعرے گونج رہے تھے۔

جناب مودی حیدرآباد میں راج بھون میں رات گزاریں گے اور کل صبح وہ Nagarkurnool پہنچ جائیں گے، تاکہ وہاں SC کے لیے مخصوص لوک سبھا حلقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کر سکیں۔ ایک اور پروگرام میں جناب مودی آئندہ پیر کو Jagityal میں ایک اور ریلی سے خطاب کریں گے۔×

## *E-VEHCLIE POLICY*

مرکزی حکومت نے الیکٹرک گاڑیوں سے متعلق ایک پالیسی شروع کی ہے تاکہ الیکٹرک گاڑیوں کی گھریلو مینوفیکچرنگ کی حوصلہ افزائی اور اسے تقویت دی جا سکے۔ اس پالیسی کا مقصد الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے میں سرمایہ کاری کو راغب کرنا ہے۔ یہ پالیسی بھارتی صارفین کو اس بات کی اجازت دے سکے گی کہ وہ Make in India پہل کو یقینی بناتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کی رسائی حاصل کرسکیں۔ الیکٹرک گاڑیوں کے شراکت داروں میں صحت مند مقابلے کو فروغ دے کر اس پالیسی کا مقصد اسکو تیار کرنے کے دائرے کو بڑھانا، معیشت کے پیمانے کو آگے لے جانا ہے۔ اس کا یہ بھی مقصد ہے کہ خام تیل کی درآمدات کم ہو، تجارتی خسارہ گھٹ کر نیچے آئے اور فضائی آلودگی بھی کم ہو۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ پالیسی بھارت کو دنیا میں الیکٹرک گاڑیوں کی مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔×

## ETHANOL 100 ALTERNATIVE FUEL

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج نئی دلی میں ایک متبادل آٹو ایندھن - ایتھنول 100 کا آغاز کیا۔ جناب پوری نے کہا کہ ایتھنول 100 جیسا گرین ایندھن ملک کی معاشی ترقی کو برقرار رکھنے میں ایک اہم اور کلیدی رول ادا کرے گا۔ ایتھنول 100، Gasoline کے لیے ایک صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک متبادل ایندھن ہے اس ایندھن سے گرین ہاؤس گیسوں کا کم اخراج ہوتا ہے۔ اور مجموعی طور پر 63 فیصد کم کاربن خارج کرتا ہے۔×

## PETROL DISEL

مرکز نے ملک بھر میں پیٹرول اور ڈیزل کے قیمتوں میں دو روپے فی لیٹر کی کمی کی ہے۔ نئ قیمتوں کا اطلاق عمل میں آگیا ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی سے صارف کے خرچ کو تقویت ملے گی اور ڈیزل سے چلنے والی 58 لاکھ سے زیادہ مال گاڑیوں اور 6 کروڑ کاروں کے علاوہ 27 کروڑ دوپہیہ گاڑیوں کے لیے آپریٹنگ لاگت کم ہو جائے گی۔×

## POSTAL WORKERS INCOME

مواصلات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج محکمہ ڈاک تار میں دو لاکھ 56 ہزار سے زیادہ گرامین ڈاک سیوکوں (جی ڈی ایس) کے لیے ایک نیا مالیاتی اپ گریڈیشن منصوبہ شروع کیا ہے۔ اس اسکیم میں ملازمت کی 24/12 اور 36 سال میں تین اپ گریڈیشن کی پیشکش کی گئی ہے۔ اس سے سالانہ آمدنی میں چار ہزار 320 روپے 5 ہزار 520 روپے اور 7 ہزار 200 روپے کا اضافہ ہوگا۔ یہ وقت سے متعلق تسلسل بقیہ TRCA جیسے موجودہ معاوضے کے علاوہ ہے۔ اس منصوبے کا مقصد ملازمت کی شرائط میں اضافہ کرتا ہے اور ان گرامین ڈاک سیوکوں میں غیرمستحکم تشویش کو دور کرتا ہے جو دیہی ڈاک اور مالی خدمات کے لیے کافی اہم ہیں۔

حکومت کا کہنا ہے کہ اس کا مقصد بنیادی سطح پر ورکروں کو بااختیار بنا کر دور دراز کے علاقوں میں خدمات کی بلارکاوٹ ڈیلیوری کے لیے ملک کے ڈاک کے نیٹ ورک کومستحکم کرتا ہے۔×

## RAJNATH NAUSENA BHAVAN

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں نوسینا بھون کا افتتاح کیا۔ ڈیفنس اسٹاف کے سربراہ جنرل انل چوہان بحریہ کے سربراہ ایڈمرل R.Hari Kumar، DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیتر وی Kamat اور دیگر معزز

شخصیتیں بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ نو تعمیر کردہ نوسینا بھون دلی کے چھاونی علاقے میں واقع ہے۔x

## SITHARAMAN ECONOMY

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بنیادی سطح پر پہنچنے کیلئے مختلف شعبوں میں اصلاحات کیلئے مرکز، ریاستوں اور مقامی اداروں کے درمیان زیادہ تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج ایک پرائیویٹ نیوز چینل سے بات کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے مزید کہا کہ لوگوں کو بنیادی سہولتیں فراہم کرکے اُنھیں با اختیار بنانے سے خود اُن کے حقوق کو تسلیم کیا جاسکے گا۔ x

## WORLD CONSUMER DAY

صارفین کے عالمی دن کے موقعے پر، صارفین کے امور کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج ممبئی میں 22 ضروری اشیاء کے لیے، قیمتوں کی نگرانی کا ڈیش بورڈ جاری کیا۔ یہ ڈیش بورڈ 34 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں قائم کردہ 550 قیمتوں کے نگرانی کے مراکز کے ذریعے اِن ضروری اشیاء کی تھوک اور خردہ قیمتوں کی نگرانی کرے گا۔ جناب گوئل نے نوی ممبئی میں قائم وزن اور پیمائش کے پرائیویٹ مینوفیکچررز کو ملک کا پہلا انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف لیگل میٹرولوجی OIML پیٹرن کی منظوری کا سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا۔ بھارت یہ اجازت نامہ جاری کرنے والا 13واں ملک ہے۔ وزن اور پیمائش کے آلات برآمد کرنے کے لیے یہ اجازت نامہ لازمی ہے۔

انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف لیگل میٹرولوجی نے احمد آباد میں واقع ریجنل ریفرنس اسٹینڈرڈ لیباریٹری کو یہ سرٹیفکیٹس جاری کرنے کا اختیار دیا ہے۔

جناب پیوش گوئل نے صارفین کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی کی ویب سائٹ کا بھی آغاز کیا اور ورچوئل طور پر بجلی کی ترسیل کی لائن کے آلات کی مربوط جانچ کی لیباریٹری کا بھی افتتاح کیا۔ جناب گوئل نے کنزیومر پروٹیکشن اینڈ لیگل میٹرولوجی ان انسینٹ انڈیا نامی کتاب کا بھی اجراء کیا۔ انہوں نے صارفین کے سفر پر امر چتر کتھا کے کتابچہ کو بھی جاری کیا۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ بھارت صارفین کے حقوق کے تصور کا بانی ملک بھی ہے۔

آج شروع کیے گئے اقدامات نہ صارفین کے حقوق کو تقویت فراہم کریں گے بلکہ ان کے مفادات کو بھی محفوظ بنائیں گے۔ اِس سال کے صارفین کے عالمی دن کی تقریب کا موضوع صارفین کے لیے منصفانہ اور ذمہ دار آرٹیفیشل انٹیلیجنس ہے۔ صارفین کے امور کے سکریٹری جناب روہت کمار سنگھ نے مصنوعی ذہانت کو منظّم کرنے کے لیے بین الاقوامی انضباطی ادارے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت کے نظام کو بھارتی

نظام کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کے لیے تربیت فراہم کرنی ہوگی۔ ×

## KAVITHA

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے دلّی آبکاری پالیسی گھپلے سے جڑے منی لانڈرنگ کے ایک مبینہ معاملے کے سلسلے میں آج شام حیدرآباد میں تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ کی بیٹی اور سابق MP اور ایم ایل سی K Kavitha کو گرفتار کیا ہے۔ انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر جوگیندر نے گرفتاری کا ایک آرڈر Kavitha کے حوالے کیا اور اُن کے کنبے کے ارکان کو بھی گرفتاری کے نوٹس سے آگاہ کیا۔

اسی دوران BRS کے لیڈروں اور بڑی تعداد میں پارٹی کے کیڈرس اُن کی رہائش گاہ پر پہنچ گئے۔ BRS کے لیڈروں نے اِسے غیرقانونی گرفتاری قرار دیا جبکہ انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے سپریم کورٹ کو یقین دلایا تھا کہ وہ اُس وقت اُنھیں گرفتار نہیں کرے گی جب تک کہ عدالت عالیہ میں معاملے کا فیصلہ نہیں سنا دیا جاتا۔

سپریم کورٹ نے اِس ماہ کی 19 تاریخ تک Kavitha کی درخواست پر سماعت ملتوی کر دی ہے۔ x

## MEA CAA

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ شہریت کا ترمیمی قانون 2019 ، CAA بھارت کا ایک اندرونی معاملہ ہے اور وہ انسانی حقوق کے تئیں بھارت کی سب کی شمولیت والی روایات اور دیرینہ عزم کے عین مطابق ہے۔ نئی دلی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ یہ قانون افغانستان، پاکستان اور بنگلہ دیش کے ان ہندو، سکھ، بودھسٹ، جین، پارسی مذہب سے تعلق رکھنے والی مظلوم اقلیتوں کو ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کرتا ہے جو 31 دسمبر 2014 سے پہلے یا اس تاریخ تک بھارت میں داخل ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ CAA شہریت فراہم کرتا ہے اور کسی کی شہریت چھینتا نہیں۔

ایک اور پیش رفت یہ ہوئی ہے کہ وزارت خارجہ نے Haiti میں جاری حالات کے پیش نظر ایک کنٹرول روم قائم کر دیا ہے جو 24 گھنٹے کام کرے گا۔ یہ کنٹرول روم Haiti میں صورتحال کی نگرانی کرے گا اور معلومات فراہم کرے گا۔ کنٹرول روم کے رابطے کی تفصیلات اس طرح ہیں:

ٹول فری

ایک- آٹھ- صفر- صفر-ایک-ایک-آٹھ-سات-نو-سات

## RUSSIA ELECTION

روس میں تین روزہ صدارتی چناؤ کے لیے ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ چناؤ آج صبح سے ملک کے دور مشرقی خطوں Chukotka اور Kamchatka میں ہو رہی ہے اور یہ پولینڈ اور لیتھوانیا کے سرحد سے لگنے والی ایک روسی علاقے Kaliningrad میں اتوار کو بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 11 بجے ختم ہو جائے گی پورے روس میں لوگ اگلے پانچ سال کے لیے اپنے صدر کا انتخاب کرنے کے لیے ووٹ ڈال رہے ہیں۔ اس چناؤ میں اعلی سرکاری عہدوں کے لیے جو امیدوار چناؤ میدان میں ہیں ان میں موجودہ صدر ولادمیر پتن نیو پیپلز پارٹی کے Valdislav Davankov اور روس کی کمیونسٹ پارٹی کے Nikolav Kharitonov شامل ہیں۔×

## TURKEY BOAT MISHAP

ترکی کے شمال مغربی صوبے Canakkale میں آج صبح سویرے ایک کشتی کے ڈوب جانے کے حادثے میں کم از کم 8 افراد ہلاک ہو گئے۔ یہ کشتی تارکین وطن کو لے جارہی تھی۔ Cankkale کے گورنر ابراہیم Aktas نے سرکاری نیوز ایجنسی Anaddu کو بتایا کہ چار افراد کو بچا لیا گیا ہے اور انہیں علاج کے لیے اسپتال میں بھرتی کرادیا گیا ہے جبکہ ہیلی کاپٹرس اور طیارے، دیگر لوگوں کو تلاش کر رہے ہیں اور راحت کی کارروائیاں بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گورنر نے بتایا کہ ابھی فوری طور پر یہ واضح نہیں ہو پایا ہے کہ یہ کشتی میں کل کتنے تارکین وطن سوار تھے۔×

## BADMINTON

بیڈمنٹن میں آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹرفائنل میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ آج راج برمنگھم میں ملیشیا کے Lee Zii Jia سے ہوگا۔

دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے لکشیہ سین ڈنمارک کے Anders Antonsen کو پری کوارٹرفائنل کے ایک سخت مقابلے میں چوبیس بائیس، گیارہ- اکیس اور اکیس چودہ سے ہرا کر کوارٹر فائنل میں پہنچے ہیں۔x

☆☆☆☆☆